# سبق - ۱۹

# آہا، آہا، نکلا چاند



آہا ، آہا ، نکلا چاند    کیسا اچھّا ، پیارا چاند
دِن کی طرح روشن ہے رات    سؤرج بن کر آیا چاند
اپنی رات ، اپنے تارے    اپنی چاندنی ، اپنا چاند
رات آئی ، تارے چمکے    بیچ میں ان کے چمکا چاند
یہ گھر میرا ہے وہ تیرا    چاند ہے لیکن سب کا چاند
آہا ، آہا ، نکلا چاند
کیسا اچھّا ، پیارا چاند

(صوفی غلام مصطفیٰ تبسم)

| | |
|---|---|
| روشن - Bright | چاندنی - Moonlight |

9DAHL2

## مشق

### (الف) نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے:

۱۔ چاند کیسا ہے؟

۲۔ رات کس کی طرح روشن ہے؟

۳۔ رات آئی تو کیا ہوا؟

۴۔ چاند کس کا ہے؟



### (ب) الفاظ کی جوڑیاں بنائیے:

مثال: یہ گھر - میرا

| | | | |
|---|---|---|---|
| روشن | اپنی | تارے | سب کا |
| چاند | چمکے | چاندنی | رات |